http://e.tashakurnews.com info@tashakurnews.com
facebook.com/tashakurnews twitter.com/RTashakur

اشاعت کے سلسلے کو 22 سال ABC Certified باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کراچی، حیدرآباد، لاہور اور اسلام آباد میں بیک وقت پڑھا جانے والا روزنامہ

ہم ظلم مٹانے نکلے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو ⊙ ہم ارض وطن کے رکھوالے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو

روزنامہ تشکر کراچی نیوز

چیف ایڈیٹر سرعلی منصور

REG # 12(2411)/22

جلد : 24 | 23 جمادی الاول 1448ھ منگل 03 نومبر 2026ء (قیمت 15روپے) | شمارہ : 129



فیلڈ مارشل سے چینی وزیر کی ملاقات، اسٹریٹجک شراکت داری مزید مستحکم کرنے کا عزم کا اعادہ

چینی مہمان نے علاقائی امن واستحکام کیلئے پاکستان کی خدمات کو سراہا، چینی وزیر نے پاکستان اور چین کے دیرینہ سٹریٹجک تعلقات کو مزید آگے بڑھانے کے حوالے سے اعتماد کا اظہار کیا، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (ڈیسک رپورٹر) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے چینی وزیر لیو ہوئی شنگ کی ملاقت ہوئی، فریقین نے سٹریٹجک شراکت داری مزید مستحکم کرنے کے عزم کا اعادہ کیا آئی ایس پی آر کے مطابق کمینٹ پارٹی آف چائنہ کی مرکزی کمیٹی کے رکن اور چینی وزیر لیو ہوئی شنگ نے جی ایچ کیو کا دورہ کیا، اس موقع پر باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق ملاقات کے دوران (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 1)

وزیر اعظم کے ایم ایس ایز ہاؤسنگ اور زراعت کو ترقی کیلئے اہم قرار دیدیا

وزیر خزانہ کو زراعت اور ہاؤسنگ کے شعبے کے اسٹیک ہولڈرز فائنانسنگ سے متعلق مسائل حل کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (ویب رپورٹ) وزیر اعظم شہباز شریف نے وزیر خزانہ کو ایس ایم ای سیکٹر، زراعت اور ہاؤسنگ کے شعبے کے اسٹیک ہولڈرز فائنانسنگ سے متعلق مسائل حل کرنے اور جامع اگلا عمل مرتب کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروبار، ہاؤسنگ کے نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے، بلاتاخیر اقدامات (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 2)

سندھ اسکول وینز میں سی این جی اور ایل پی جی سلنڈرز پر سخت پابندی عائد

کراچی (ویب رپورٹ) کراچی سمیت سندھ بھر میں اسکول وینز میں سی این جی اور ایل پی جی سلنڈرز پر سخت پابندی عائد کردی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 3)

انسداد دہشت گردی میں رکاوٹ پیدا کرنے والے سہولت کار اب موجود نہیں

ناہل خیبر پختونخوا حکومت دہشت گردی کی سہولت کار تھی

ترجمان پاک فوج

دہشت گردی سے متعلق بعض مسائل کو اندرونی طور پر بھی حل کرنا ہوگا، انسداد دہشت گردی سے متعلق ہمارے جتنا تجربہ کسی اور ملک یا فوج کے پاس نہیں، کے پی میں حکومت کے خاتمے سے متعلق سوال سیاسی ہے، جواب سیاستدان ہی بہتر دے سکتے ہیں، ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کا برطانوی خبر رساں ادارے کا انٹرویو

راولپنڈی (ویب رپورٹ) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے سہولت کاروں میں سے ایک خیبر پختون خوا کی ناہل حکومت تھی، صوبے میں انسداد دہشت گردی کی کارروائیوں میں رکاوٹ پیدا کرنے والے سہولت کار اب موجود نہیں، دہشت گردی سے متعلق بعض مسائل کو اندرونی طور پر بھی حل کرنا ہوگا، انسداد دہشت گردی سے متعلق ہمارے جتنا تجربہ کسی اور ملک یا فوج کے پاس نہیں۔ برطانوی خبر رساں ایجنسی کو دیئے گئے انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ مسائل کو اندرونی طور پر بھی حل کرنا ہوگا، انسداد دہشت گردی سے متعلق ہمارے جتنا تجربہ کسی اور سیکیورٹی فورسز روزانہ کی بنیاد پر تقریباً 200 انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کررہی ہیں، یہ آپریشنز پولیس، فوج (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 4)



شریف چوہدری نے کہا ہے کہ افغانستان میں دہشت گردوں کی قیادت، تربیتی اور دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے مشترکہ تعاون سے انجام دیتے ہیں۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ افغانستان میں دہشت گردوں کی قیادت، تربیتی اور دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے مشترکہ تعاون سے انجام دیتے ہیں۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 4)

ایران کا خلیجی ممالک کے شمنی نہ رکھنے کا اعلان

ایران کے پاس معاہدے کے سوا دیگر کوئی راستہ نہیں بچا، ٹرمپ

قطر کے ایران مخالف ممالک ماضی کی غلطیوں نہ دہرائیں، عباس عراقچی

مذاکرات کیلئے وفد قطر روانہ



بعض خلیجی ممالک نے امریکا کی فوجی موجودگی پر ضرورت سے زیادہ بھروسا کیا ہے اور کچھ ممالک واشنگٹن کے ساتھ سرگرمی سے تعاون بھی کررہے ہیں، ایرانی وزارت خارجہ

امریکا کو ایران کے معاملے کو زیادہ دیر تک طول نہیں دینا چاہئے اور یہ تنازع جلد کسی نہ کسی صورت میں اپنے انجام کو پہنچ جائے گا، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے لیے تعاون کا حامی ہے۔ تاہم تہران نے خبردار کیا ہے کہ اگر کسی ملک کی سرزمین یا تنصیبات ایران کی خودمختاری کی خلاف ورزی یا اس کے شہریوں کی سلامتی کو خطرے میں ڈالنے کے لیے استعمال ہوئیں تو وہ خاموش نہیں رہے گا۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا کہ بعض خلیجی ممالک نے واشنگٹن، تہران (نامہ نگار ڈیسک) ایران نے کہا ہے کہ اسے خلیجی ممالک یا خطے کے دیگر پڑوسی ملکوں سے کوئی دشمنی نہیں اور وہ دوبدو یا علاقائی سلامتی کے قیام (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 5)



راولپنڈی: فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر سے چینی وزیر لیو ہوئی شنگ ملاقات کررہے ہیں



اسلام آباد: وزیر اعظم شہباز شریف ایم ایس ایز ہاؤسنگ اور زراعت میں اصلاحات کیلئے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

پاکستان چین اسٹریٹجک تعاون باہمی شراکت داری کی اعتماد اور تعاون پر قائم ہے

اسحاق ڈار

چین کے نظام حکمرانی کے پیچھے مضبوط سیاسی جماعت موجود ہے، پاکستان اور چین کی شراکت داری خطے اور اس سے باہر امن واستحکام کیلئے ایک مضبوط اور قابل اعتماد وجہ ہے، نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ کا خطاب

اسلام آباد (ویب رپورٹ) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان چین اسٹریٹجک تعاون، باہمی شراکت داری، اعتماد اور تعاون پر قائم ہے، آج کے چین کو سمجھنے کیلئے چینی کمیونسٹ پارٹی کو سمجھنا ضروری ہے، چین کے نظام حکمرانی کے پیچھے مضبوط سیاسی جماعت موجود (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 7)

قبائلی اضلاع میں معدنیات کی تلاش کے معاہدے عوام کے سامنے لائے جائیں، فضل الرحمن

پشاور (ویب رپورٹ) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ قبائلی اضلاع کو طویل عرصے سے تجربہ گاہ بنایا گیا ہے، اب انضمام ختم کرنے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 10)

ٹک ٹاکر پتلو مفرور، تعلقات سے قانون کو بے اثر بنا رہا ہے، خواجہ آصف

اسلام آباد (ویب رپورٹ) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ ٹک ٹاکر پتلو مفرور ہے اور اراکین پر سوشل استعمال کرکے قانون کو بے اثر بنا رہا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ ڈسکہ میں ہونے والے واقعہ کی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 8)

پیٹرول 15 روپے لیٹر مہنگا ہوتا تھا، بوجھ آئل ریفائنریز پر منتقل کردیا، وزیر پیٹرولیم

اسلام آباد (ویب رپورٹ) وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ جتنے کو پیٹرول 15 روپے لیٹر مہنگا ہوتا تھا، وہ بوجھ اب آئل ریفائنریز پر منتقل کردیا گیا ہے، وزیر اعظم کی ہدایت پر وہ بوجھ آئل ریفائنریز پر منتقل کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اسلام آباد میں وزیر اطلاعات عطا تارڑ کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے علی پرویز ملک کا کہنا تھا کہ عوام (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 9)

ایف بی آر نے اکم ٹیکس گوشوارے جمع نہ کروانے والوں کے خلاف کارروائی شروع کردی

اسلام آباد (ویب رپورٹ) ایف بی آر نے اکم ٹیکس گوشوارے جمع نہ کروانے والوں کے خلاف کارروائی شروع کردی ہے۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 6)

انتظامی ڈھانچے میں مؤثر تبدیلی کے بغیر عام آدمی کے مسائل حل کرنا اور غریب عوام کی زندگیوں میں بہتری لانا مشکل رہے گا

سندھ میں نئے ضلعوں اور انتظامی یونٹس کے قیام کا مطالبہ زور پکڑنے لگا

سندھ کے مختلف علاقوں میں عوام کو آج بھی بنیادی سہولیات کے حصول میں مشکلات کا سامنا ہے، جس کے باعث عام آدمی کی زندگی متاثر ہو رہی ہے، انتظامی امور کو عوام کی ضروریات کے مطابق استوار کرنے اور حکومتی نظام کو مؤثر بنانے سے ہی مسائل کے حل کی راہ ہموار ہوسکتی ہے، عوامی حلقے

کراچی (نمائندہ خصوصی) کراچی سمیت سندھ کے مختلف علاقوں کے عوام نے صحت، تعلیم اور دیگر بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی پر نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے قیام کا مطالبہ کرتے ہوئے موجودہ نظام میں تبدیلی کو وقت کی اہم ضرورت قرار دیا ہے۔ شہریوں نے کہا کہ جب تک انتظامی ڈھانچے میں مؤثر تبدیلی نہیں لائی جائے گی، عام آدمی کے مسائل حل کرنا اور غریب عوام کی زندگیوں میں بہتری لانا مشکل رہے گا۔ کراچی، حیدرآباد، لاڑکانہ، نوابشاہ اور نوشہرو فیروز کے شہریوں کے مطابق نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 13)

پاکستان میں پہلی مرتبہ کلر گریڈنگ کی جدید تربیت فراہم کی جائیگی، عطاء اللہ تاوڑ

اسلام آباد (ویب رپورٹ) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے پی ٹی وی، اے پی پی کی جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ترقی، مرکز بنانے اور نوجوانوں کو فلم، ڈرامہ اور ڈیجیٹل مواد کی تیاری میں پیشہ ورانہ مہارتیں فراہم کرنے کے لیے جامع حکمت عملی اختیار کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان میں پہلی مرتبہ کلر گریڈنگ کی جدید تربیت فراہم کی جائیگی جس سے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 13)

مشرق وسطیٰ میں جنگ نہیں، مذاکرات سے مسئلہ حل کریں، چین کا تمام فریقوں کو پیغام

بیجنگ (نائبنگ ڈیسک) چین نے مشرق وسطیٰ میں جاری تنازع کے فریقین پر زور دیا ہے کہ وہ دوبارہ ہتھیار اٹھانے کے بجائے سیاسی حل تلاش کریں اور کشیدگی کم کرنے کے لیے مذاکرات کا راستہ اختیار کریں۔ خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق چینی وزیر خارجہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 14)



مہنگی توانائی اور سیاسی عدم استحکام صنعتی ترقی میں رکاوٹ قرار

سائٹ صنعتی ایریا کراچی کے صنعتکاروں نے خبردار کیا ہے کہ مہنگی توانائی، سیاسی عدم استحکام اور غیر مستحکم معاشی پالیسیوں کے باعث ملکی صنعتی شعبہ شدید دباؤ کا شکار ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ اگر حکومت صنعتی پیمپر رواں رکھنا اور معیشت کو مزید مشکلات سے بچانا چاہتی ہے تو توانائی کی قیمتوں میں کمی، ٹیکسوں کا بوجھ کم کرنے اور کاروبار کے لیے مستقل وسازگار پالیسیاں متعارف کرانے کے لیے فوری اقدامات کرنا ہوں گے۔

سائٹ ایسوسی ایشن آف انڈسٹری کے صدر عبدالہادی نے کہا کہ حکومت صنعتی ترقی اور معاشی بحالی میں سنجیدہ ہے تو اسے زمینی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے صنعت و کاروبار کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنا ہوگا، بصورت دیگر صنعتوں کے لیے اپنی بقا برقرار رکھنا بھی مشکل ہوجائے گا۔ انہوں نے صنعتی اور معاشی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے بجلی، گیس اور پانی سمیت بنیادی سہولتوں کی بلاتعطل فراہمی، سیاسی استحکام اور مستقل طویل المدتی معاشی پالیسیوں کو ناگزیر قرار دیا۔ عبدالہادی نے کہا کہ پاکستان میں صنعتی سرگرمیوں کے فروغ اور عالمی منڈیوں میں مسابقت برقرار رکھنے کے لیے پیداواری لاگت کو خطے کے دیگر ممالک کے برابر لانا ہوگا۔ اس مقصد کے لیے بجلی، گیس اور پانی کی قیمتیں مسابقتی سطح پر لانے کے ساتھ توانائی کے شعبے میں بنیادی اصلاحات ضروری ہیں تاکہ مقامی صنعتیں پیداواری لاگت میں مسلسل اضافے کے دباؤ سے نکل سکیں۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی استحکام صنعتی اور معاشی ترقی کی بنیادی ضرورت ہے۔

سیاسی بے یقینی کے باعث بین الاقوامی خریداروں اور کاروباری شراکت داروں کا اعتماد متاثر ہوتا ہے، جس سے برآمدی آرڈرز کا حصول دشوار اور سرمایہ کاری کے امکانات محدود ہوجاتے ہیں۔ پاکستان کو ایسی مستقل اور طویل المدتی صنعتی و معاشی پالیسیوں کی ضرورت ہے جو حکومتوں کی تبدیلی کے باوجود برقرار رہیں اور جن میں بار بار ردوبدل سے گریز کیا جائے۔ صدر سائٹ ایسوسی ایشن کے مطابق ٹیکسوں کے لیے پائیدار، شفاف اور قابل پیش گوئی نظام متعارف کرانا ہوگا، جبکہ شرح سود کو بھی خطے کے مسابقتی ممالک کی سطح پر لانا ضروری ہے۔ ان اقدامات سے کاروباری لاگت کم کرنے اور صنعتکاروں کو مستقبل کی منصوبہ بندی میں سہولت مل سکتی ہے۔

عبدالہادی نے مزید کہا کہ سرمایہ کاروں اور صنعتکاروں کا اعتماد بحال کیے بغیر نئی سرمایہ کاری، صنعتی توسیع، روزگار کے مواقع اور برآمدات میں خاطر خواہ اضافہ ممکن نہیں۔ حکومت کو محض معاشی بحالی کے دعوؤں اور اعلانات کے بجائے توانائی کے بحران، سیاسی عدم استحکام اور غیر یقینی معاشی پالیسیوں جیسے بنیادی مسائل حل کرنے کے لیے ترجیحی بنیادوں پر عملی اقدامات کرنا ہوں گے، بصورت دیگر ملکی صنعتوں کی بقا خطرے میں پڑ سکتی ہے۔

معاشی استحکام سے پائیدار ترقی کی جانب سفر جاری ہے، محمد اورنگزیب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان کا معاشی استحکام سے پائیدار ترقی کی جانب سفر جاری ہے، تاہم اس منزل کے حصول کے لیے مالیاتی نظم و ضبط، برآمدات میں اضافے اور نجی سرمایہ کاری کا فروغ ناگزیر ہے۔ ملک کو ایسی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 12)



صحافیوں کیخلاف جرائم پر خاموشی انصاف کی آواز دبانے کے مترادف ہے، بلاول بھٹو زرداری

کراچی (رپورٹ محمد فیصل) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمان بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ صحافیوں کے خلاف جرائم پر خاموشی انصاف کی آواز دبانے کے مترادف ہے۔ صحافیوں کے خلاف جرائم کا رکنا کچ اور انصاف (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 49)



بیرسٹر سیف کے دعوے مسترد، بانی سے ملاقات کی ہر طریقے سے کوشش کی، گوہر

پی ٹی آئی کا ایک بار پھر سفید آفریدی سمیت دیگر کی رہائی کا مطالبہ، کارکنان کو بنیادی تحفظ دینے پر زور

تمام کوششوں کے باوجود ہمیں ایک بھی ملاقات کی اجازت نہیں دی گئی جبکہ ہمارے خان تک رسائی شرائط میں سے ایک تھی، چیئرمین پی ٹی آئی کی گفتگو



سونے کی قیمت میں چھ روز مسلسل کمی کے بعد بڑا اضافہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سونے کی عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں مسلسل (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 48)



صحافیوں کیخلاف جرائم پر مزید کسی تاخیر کے بغیر قابل قبول نہیں، وزیراعلیٰ سندھ

صحافیوں کا تحفظ جمہوریت، قانون کی حکمرانی اور آزادی اظہار کے لیے ناگزیر ہے، سندھ حکومت نے 2021 میں صحافیوں اور میڈیا ورکرز کے تحفظ کا قانون منظور کیا، سید مراد علی شاہ کا عالمی یوم صحافت پر پیغام

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے صحافیوں کے خلاف جرائم کے خاتمے اور آئین انصاف دلانے کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ صحافیوں کے خلاف تشدد، دھمکیوں اور حملوں پر سزا سے استثنیٰ کسی صورت قابل قبول نہیں۔ صحافیوں کا تحفظ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 47)



تھرپارکر کے مختلف علاقوں میں زلزلے کے جھٹکے، شہری خوفزدہ

اسلام کوٹ اور گردونواح میں رات ایک بج کر 35 منٹ پر چند سیکنڈ تک زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے

تھرپارکر (اسٹاف رپورٹر) تھرپارکر کے مختلف علاقوں، خصوصاً اسلام کوٹ شہر اور گردونواح میں رات ایک بج کر 35 منٹ پر زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے، جس کے باعث (باقی صفحہ نمبر 2 بقیہ 46)



کراچی ویسٹ میں پولیس کے تین مختلف مقابلے، 4 زخمیوں سمیت 7 ڈاکوؤں کو گرفتار کرلیا

بنجالی گوٹھ، اورنگی ٹاؤن اور پاکستان بازار میں پولیس و شاہین فورس کی کارروائیاں، 5 پستول، گولیاں، موبائل فون، نقدی اور موٹر سائیکلیں برآمد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایس ایس پی ویسٹ طارق (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 44) الٰہی مسقوی کے



گورنر سندھ کا قائداعظم کی جائے پیدائش وزیر مینشن کا دورہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ سید محمد زبیر کاظمی نے پاک مسجد قائداعظم علی جناح کی جائے پیدائش وزیر مینشن کھارادر کا دورہ کیا، جہاں ڈائریکٹر (باقی صفحہ نمبر 2 بقیہ 41) جنرل انجینئرنگ ہیریٹیج حکومت



مودی دورِ اقتدار میں بھارتی صحافت پابندیوں، سنسرشپ اور ریاستی دباؤ کی زد میں

نئی دہلی (نیٹ ورک ڈیسک) بھارت میں مودی حکومت کے دوران صحافتی آزادی، صحافیوں پر قانونی دباؤ اور ہراسانی سے متعلق رپورٹ جاری کردی گئی ہے، اور عالمی جریدے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 39) جاری ہونے والی رپورٹ میں بھارت کو 180 ممالک میں 151 ویں نمبر پر رکھا گیا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ بھارت میں صحافت کے لیے ماحول مسلسل مشکل ہوتا جا رہا ہے، خاص طور پر ان صحافیوں کے لیے جو حکومت پر تنقید کرتے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق بھارت میں کئی صحافیوں کو ان کی رپورٹنگ کی وجہ سے ہراساں کیا گیا، انہیں دھمکیاں دی گئیں اور بعض کو گرفتار بھی کیا گیا۔ رپورٹ میں خاص طور پر مسلمان صحافیوں کے لیے بڑھتے ہوئے خطرات کی نشاندہی کی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق بھارت میں کئی صحافیوں کو ان کی رپورٹنگ کی وجہ سے ہراساں کیا گیا، انہیں دھمکیاں دی گئیں اور بعض کو گرفتار بھی کیا گیا۔ رپورٹ میں خاص طور پر مسلمان صحافیوں کے لیے بڑھتے ہوئے خطرات کی نشاندہی کی گئی ہے۔



حق سچ کی آواز اٹھانے والے صحافیوں پر ظلم و تشدد بند ہونا چاہیے، مریم نواز

صحافی معاشرتی انصاف کے محافظ اور عوام کی آواز ہیں، ظلم، ناانصافی اور جھوٹ کو بے نقاب کرنے والے صحافی ہیرو ہیں، عالمی دن پر پیغام

لاہور (پیرو رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 38)



صدر آصف زرداری سندھ بھر کے ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لے رہے ہیں، شرجیل میمن

صدر مملکت بدھ یا جمعرات کو حیدرآباد پہنچیں گے، ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ کریں گے، وزیر اطلاعات

سہولیات کی فراہمی پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے، ترقیاتی کاموں میں تیزی اور عوامی مسائل کے فوری حل کی ہدایات

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ کے سینئر وزیر اور صوبائی وزیر اطلاعات، فرائیڈے اسپیشل و ماس کمرانٹ



جیکب آباد میں خونی تصادم میں اہم پیش رفت، دو ملزمان گرفتار، دو مقتولین کی لاشیں ورثا کے حوالے

جیکب آباد (اسٹاف رپورٹر) جیکب آباد کی حسین گرمی خیرو کے علاقے میراں پور میں ڈاہلی برادری کے دو گروپوں کے درمیان مسلح تصادم کے نتیجے میں دو خواتین سمیت چار افراد کی جان لینے والے اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے دو ملزمان کو حراست میں لے لیا، جبکہ واقعے میں جاں بحق ہونے والے چار افراد میں سے دو کی لاشیں قانونی کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کردی گئی۔

ہنگو، گھر میں فائرنگ، 2 خواتین اور 3 بچوں سمیت 6 افراد جاں بحق

ہنگو (پیرو رپورٹر) ہنگو کے علاقے سروشتی میں گھر کے اندر فائرنگ کے نتیجے میں 6 افراد جاں بحق ہوگئے۔ ڈی پی او اصلاح الدین کے مطابق جاں بحق ہونے والوں میں 2 خواتین اور 3 بچے بھی شامل ہیں۔ پولیس کے مطابق لاشوں کو پوسٹمارٹم کردیا گیا ہے، واقعے کی تحقیقات جاری ہیں۔ واضح رہے کہ اس سے قبل ہنگو کے علاقے توہر میرے میں مسلح کلاشنکوف فائرنگ کے واقعے کی خبر سامنے آئی تھی۔



سہراب گوٹھ سے لاپتہ شہری عبداللہ الیس آئی یو کے مقدمے میں گرفتار نکلا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کے علاقے سہراب گوٹھ سے لاپتہ شہری عبداللہ کو بازیابی سے متعلق درخواست کی سماعت ہوئی، جس دوران پولیس نے رپورٹ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ شہری عبداللہ قتل کا ایس آئی یو کے ایک مقدمے میں گرفتار ہے۔ درخواست گزار کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 45)



نوابشاہ، غربت اور مہنگائی سے تنگ ماں کا چار بچوں کو فروخت کرنے کا اعلان

نوابشاہ (اسٹاف رپورٹر) ایڈیشنل سیشن عدالت وسطی نے گلبرگ میں ہوائی فائرنگ سے نوسالہ مہتاب کی ہلاکت کے مقدمے میں دو ملزمان کو فنگ کا فائدہ دیتے ہوئے بری کردیا۔ عدالت نے ملزم عارف حسین مغل، نبیہ اللہ اور (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 42)



گلبرگ میں ہوائی فائرنگ سے نوسالہ مہتاب کی ہلاکت، ملزمان بری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایڈیشنل سیشن عدالت وسطی نے گلبرگ میں ہوائی فائرنگ سے نوسالہ مہتاب کی ہلاکت کے مقدمے میں دو ملزمان کو فنگ کا فائدہ دیتے ہوئے بری کردیا۔ عدالت نے ملزم عارف حسین مغل، نبیہ اللہ اور (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 42)



پیپلز ہڈیز پریسیشن کھارادر کا دورہ کیا، جہاں ڈائریکٹر جنرل انجینئرنگ ہیریٹیج حکومت (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 41)



لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف علی منی اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

سندھ حکومت نے گل پلازہ کی تباہ حال عمارت گرانے کا فیصلہ کرلیا، ٹینڈر جاری کردیا

سندھ حکومت نے گل پلازہ کے مقام پر نئی عمارت تعمیر کرنے کے منصوبے کا اعلان

کچے سب سے زیادہ بولی دینے والی کمپنی کو نہیں بلکہ ان کمپنیوں کو ترجیح دی جائیگی جنہیں کم از کم 20 عمارتیں منہدم کرنے کا تجربہ حاصل ہو، ڈائریکٹر ایس بی اے

تیلی میڈیسن کی سہولت کو ملک کے مختلف علاقوں تک وسعت دی جارہی ہے، مصطفیٰ کمال

اسلام آباد (پیرو رپورٹر) وزارت صحت اور معروف ٹیکنیکل پارٹنر ٹیک اینڈ ٹیلی میڈ پرائیویٹ لمیٹڈ کے درمیان تیلی میڈیسن کی سہولیات کے فروغ اور دائرہ کار (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 18) صحت کہانی کے درمیان تیلی میڈیسن کی سہولیات



میرٹ سے جے آئی ٹی، سربراہ ڈی آئی جی عرفان بلوچ کو شوکاز نوٹس جاری

جے آئی ٹی کا نمائندہ عدالت میں پیش نہ ہوا، عدالت نے آئندہ سماعت تک تفتیشی افسر سے تحقیق وضاحت طلب کرلی، سماعت 10 نومبر تک ملتوی

عدالت نے جے آئی ٹی سربراہ کو آئندہ سماعت تک تفتیشی افسر سے متعلق وضاحت پیش کرنے کا حکم، عبوری چالان میں بھی کوئی ملزم نامزد نہیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈویژنل کمرشل جسٹس شرقی کی عدالت نے میر رضا کیس میں مشترکہ تحقیقاتی ٹیم (جے آئی ٹی) کی نمائندہ کی عدم حاضری پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے جے آئی ٹی کے سربراہ ڈی آئی جی عرفان بلوچ کو شوکاز نوٹس جاری کردیا اور ان سے وضاحت طلب کرلی۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 19)

ڈیفنس میں کیفے کے باہر دو گروپوں میں تصادم، تشدد کی فوٹیج سامنے آگئی



کراچی، پولیس مقابلے، 6 زخمیوں سمیت 9 ملزمان گرفتار

گرفتار ملزمان سے 9 پستول 400 بور 400 پیک کرسٹل برآمد، موبائل فون اور نقدی برآمد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر کے مختلف علاقوں میں پولیس سے مبینہ مقابلوں کے دوران ایک بچہ سمیت 6 زخمی ملزمان کو گرفتار کرلیا، جبکہ مجموعی طور پر 9 مشتبہ ڈاکو پولیس کو قابو میں کرنے میں کامیاب رہے۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 24)

آن لائن ٹیکسی ڈرائیور کی خواتین سے مبینہ بدتمیزی پر تنازع شروع ہوا، مقدمہ درج

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کے علاقے ڈیفنس فیز 6 کے پرہجوم بازار کمرشل میں کیفے کے باہر دو گروپوں کے درمیان جھگڑے اور تشدد کی ویڈیو سامنے آئی۔ واقعے کا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 20)

کراچی میں گھریلو تنازع پر شوہر کا بیوی پر تیزاب سے حملہ، 14 سالہ لڑکی جھلس گئی

کم عمر بیوی پر مبینہ طور پر تیزاب پھینک کر ملزم فرار، متاثرہ لڑکی سول اسپتال کے برنس وارڈ منتقل، پولیس نے ملزم کی والدہ اور بہن کو حراست میں لے لیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد کے علاقے ابراہیم حیدری میں خاتون پر تیزاب گردی، صوبائی وزیر شاہینہ شیر علی کا نوٹس لیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر برائے ترقی نسواں سندھ شاہینہ شیر علی نے ابراہیم حیدری میں خاتون پر تیزاب گردی کے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے پولیس کو واقعے میں ملوث ملزم کے خلاف فوری کارروائی اور اس کی گرفتاری یقینی بنانے کی ہدایت کردی ہے۔ صوبائی وزیر نے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 22)

گوادر میں ہلاک دہشت گرد کے والد اور بھائی کی پریس کانفرنس، ندامت کا اظہار

گوادر (پیرو رپورٹر) گوادر میں سکیورٹی فورسز کے ہاتھوں ہلاک ہونے والے عسکریت پسند تنظیم بلوچستان لبریشن آرمی (بی ایل اے) کے دہشت گرد فیصل احمد کے چچا اور والد نے پریس کانفرنس میں ندامت کا اظہار کیا ہے۔ ہفتہ کے روز علاقے پروم کے ہائی محمد (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 23)

سندھ کی تقسیم کا خواب دیکھنے والے احمقوں کی جنت میں رہتے ہیں، ڈاکٹر فردوس

حیدرآباد (اسٹاف رپورٹر) سندھ ترقی پسند پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر فردوس شمیم نقوی نے کہا ہے کہ سندھ کے عوام کا ہمیشہ سے اور اس کا ہر شہری محافظ ہے۔ سندھ کے عوام صوبے کی بقا کے لیے ہر قسم کی قربانی دینے کو تیار ہیں۔ سندھ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 27)

ماتلی کے قریب اسکول کے بچوں سے بھری وین میں آتشزدگی، گاڑی جل کر تباہ

ماتلی (اسٹاف رپورٹر) گاؤں غلری ظفانی سے سوزدی بولان ہائی روف وین نمبر CD-2033 اسکول کے بچوں کو لے کر واپسی آرہی تھی کہ وین میں اچانک آگ لگ گئی، ڈرائیور بروقت وین سے باہر نکل گیا، (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 28) تمام بچے محفوظ رہے، ڈرائیور کا کہنا ہے کہ شارٹ سرکٹ سے

کراچی: گورنر زبیر پختونخوا فضل کریم کنڈی سے ساتویں نیلیڑا اکمرا فرخیلہ ملاقات کررہے ہیں



کراچی پولیس کے جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بڑی کارروائیاں، ایک ہفتے میں 11 زائد ملزمان گرفتار

پولیس مقابلوں میں 3 ڈاکو ہلاک، 53 وٹیوں سمیت 68 ملزمان گرفتار، غیر قانونی اسلحہ، منشیات، 36 موٹر سائیکلیں اور 4 گاڑیاں برآمد

شہر میں جرائم کے خاتمے، امن وامان کی بحالی اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے کارروائیاں جاری رہیں گی، ترجمان کراچی پولیس

کراچی (رپورٹ ہارون انصاری) ایڈیشنل انسپکٹر جنرل پولیس کراچی آزاد خان کے احکامات کی روشنی میں شہر بھر میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 31)

سائٹ صنعتی علاقے میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ بند کرنے کیلئے نیپرا کی کے الیکٹرک کو ہدایت

روزانہ 10 سے 12 گھنٹے بجلی بندش سے صنعتی سرگرمیاں متاثر ہورہی ہیں، درخواست گزاروں کا مؤقف: نیپرا رپورٹ پر سندھ ہائی کورٹ نے درخواست نمٹادی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائی کورٹ نے سائٹ صنعتی علاقے میں غیر اعلانیہ اور طویل لوڈشیڈنگ کے خلاف 19 صنعتی اداروں کی جانب سے دائر درخواست بجواز (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 30)

میر پور خاص پولیس: ضلع بھر میں سخت سیکورٹی انتظامات، چیکنگ جاری

جرائم پیشہ عناصر و منشیات فروشوں کو بروقت قانون کی گرفت میں لایا جائے گا

میر پور خاص (رپورٹ محمد ایوب یوسفزئی) ایس ایس پی میر پور خاص ساجد امیر صدوزئی کی جانب سے عوام کی جان و مال کی حفاظت اور امن و امان کی صورتحال برقرار رکھنے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 32)

سیٹلائٹ ٹاؤن پولیس کی جانب سے پٹرولنگ اور چیکنگ کا عمل جاری، جرائم پیشہ عناصر کو منشیات کی خرید و فروخت کے الزام میں گرفتار کرلیا

قطر اسپتال کے ایم ایس پر اختیارات کے مبینہ ناجائز استعمال اور غیر قانونی تعیناتیوں کے الزامات

پی پی ایس 4 کے ملازمین کو مبینہ طور پر سپروائزری اختیارات دینے اور مریضوں کو بنیادی طبی سہولیات نہ ملنے کی شکایات، غیر جانب دارانہ تحقیقات کا مطالبہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) قطر اسپتال کراچی کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر راشد سراج پر اختیارات کے مبینہ ناجائز استعمال، من پسند افراد کو نوازنے اور انتظامی امور میں بے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 33)

رمضان لغاری قتل کیس میں مطلوب دو اشتہاری ملزمان گرفتار

شیخ بمع کیو پولیس کی کارروائی، قتل کے مقدمے میں پانچ ملزمان پہلے ہی گرفتار کیے جاچکے ہیں

خنڈ محمد خان (اسٹاف رپورٹر) خنڈ محمد خان پولیس نے رمضان لغاری قتل کیس میں مطلوب دو اشتہاری ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان کی شناخت شیخ بمع کیو اور خنڈ محمد خان پولیس (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 36)

کراچی، ملزم خاتون کیشیئر سے نوٹوں کی گڈی دیکھنے کے بہانے لے کر فرار

چھ ملزمان نے دکان میں داخل ہو کر اسلحے کے زور پر دکاندار کو یرغمال بنایا اور دکان سے قیمتی موبائل فونز اور نقدی لوٹ کر بآسانی فرار ہوگئے، فوٹیج جاری

کراچی (کرائم رپورٹر) کراچی میں ملزم ہیک کی خاتون کیشئر سے نوٹوں کی گڈی دیکھنے کے بہانے لے کر فرار ہوگیا۔ کراچی کے علاقے نیو ٹاؤن تھانہ حدود آباد میں الوگی دارالت (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 37)

کراچی: گورنر سندھ سید نہال ہاشمی و ریذیڈنٹ کمشنر فیصل 2026 میں آنے والے مہمانوں کے اعزاز میں دیئے گئے اعتقابیے میں شرکا سے ملاقات کررہے ہیں

کراچی: وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے ریڈ بیک کے کنٹری ڈائریکٹر وفد کے ہمراہ ملاقات کررہے ہیں

کراچی: وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے ریڈ بیک کے کنٹری ڈائریکٹر وفد کے ہمراہ ملاقات کررہے ہیں

پی ٹی آئی کی 4 فرنچائزز ہیں، مذاکرات کس سے کریں؟ فیصل کریم کنڈی

سوہائی ملکھوں کی بریفنگ سننے کے بعد سر پکڑ لیتے ہیں، شہر میں اب جو صفائی ہو رہی ہے، کیا یہ کام پہلے نہیں کیا جا سکتا تھا؟، گورنر خیبر پختونخوا کی گفتگو

پشاور (پیرو رپورٹر) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 35)

نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کا قیام ناگزیر ہوچکا، عوامی رائے کا احترام کیا جائے، ڈاکٹر عشرت العباد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میری پہچان پاکستان (ایم کیو ایم) کے سربراہ، سابق گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان نے کہا ہے کہ ملک میں نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 4)

روزنامہ تشکر نیوز کراچی
چیف ایڈیٹر سید علی منصور
چیف ایڈیٹر و پبلشر علی منصور اور ارض وطن گروپ نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر سن رپورٹ یڈیس B-1/3-III فرسٹ فلور آفس نمبر 103 ناظم آباد نمبر 3 سے شائع کیا۔
فون نمبر: 0324-9215059 roznamatashakur786@gmail.com



شہر قائد کراچی کی 140 سڑکوں کی تعمیر و بحالی کا کام آئندہ دو سے تین روز میں شروع ہوگا

کراچی میں کچرے کی منتقلی کیلئے پہلی بار جدید مکینیکل نظام متعارف کرایا جارہا ہے

میئر کراچی

بلدیاتی نظام میں خرابی یا اختیارات کا مسئلہ نہیں، کام کرنے کی دلچسپی ہونی چاہیے، شہر کے تمام 25 ٹاؤنز میں ترقیاتی سرگرمیاں جاری ہیں، پیپر مرمر منصور وہاب

کراچی (رپورٹر) میئر کراچی پیر سید مرتضیٰ وہاب نے کہا ہے کہ شہر میں پہلی بار کچرے کی منتقلی کے لیے جدید مکینیکل نظام متعارف کرایا جارہا ہے، جس سے کچرا منتقل کرنے کے عمل کو جدید خطوط پر استوار کرنے میں مدد ملے گی۔ ایک بیان میں میئر کراچی نے کہا کہ بلدیاتی نظام میں کوئی خرابی نہیں اور نہ ہی اختیارات کا کوئی مسئلہ ہے، اصل ضرورت کام کرنے کی دلچسپی اور عملی اقدامات کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے پہلی دن ہی کام کرکے دکھایا ہے، ایک شہر کے برعکس جہاں میں ترقیاتی کام جاری ہیں، جو بلدیاتی نظام کا کارکردگی کا ثبوت ہیں۔ مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ کراچی کے 25 ٹاؤنز میں مختلف سیاسی جماعتوں کے نمائندے موجود ہیں، جن میں پیپلز پارٹی، جماعت اسلامی اور پاکستان تحریک انصاف شامل ہیں۔ دوسری جانب میئر کراچی پیر سید مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ شہر کے ساتھوں اضلاع میں نظام کے تحت اختیارات منتقل ہونے چاہئیں، ہم کام کرنے کا ثبوت دیں۔ ہم نے پہلے کام کرکے دکھایا ہے۔ آئندہ دو سے تین روز میں وقت کا آرڈر جاری ہونے کے بعد روزانہ بنیادوں پر کام شروع کردیا جائے گا۔ شہر میں پہلی بار 13 ایسے رہے خرچ کردیا جائے گا۔ ان شاءاللہ کا اظہار انہوں نے چند روز قبل ہی کیا تھا، جس کا آغاز ہوچکا ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی نے اپنے منشور میں کراچی کے شہریوں سے سیوریج ٹریٹمنٹ کے حوالے سے جو کام کرنے کا وعدہ کیا تھا، جس پر عمل پیشرفت کی گئی۔ پیپلز پارٹی قیادت کی حمایت سے کراچی میں پاکستان کا پہلا ''پیپلز پارٹی کی صفائی کا منصوبہ'' مکمل کیا گیا، جس کا افتتاح چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کیا، جبکہ مرید 65 ملین گیلن یومیہ پانی کی ٹریٹمنٹ کی صلاحیت کا حامل ہے

بقیہ

روزنامہ تشکر 1

دونوں جانب باغی ہونے کی وجہ سے اعلیٰ حکام کو بھی پہنچا ہے۔ ترجمہ کے ایسے ہی بیان سے ظاہر ہوتا ہے کہ ان کا خیال ہے کہ ان کا کام صرف ترجمہ کرنا ہے اور انھیں اس کے نتائج سے کوئی سروکار نہیں ہونا چاہیے۔ ترجمہ کرتے وقت مترجم کو اس بات کا خیال رکھنا چاہیے کہ اس کے ترجمہ کے نتائج کیا ہو سکتے ہیں۔ اگر ترجمہ کے نتائج سے مترجم کو یہ محسوس ہو کہ اس کے ترجمہ سے کسی کی جان کو خطرہ ہو سکتا ہے تو اسے ترجمہ کرنے سے انکار کر دینا چاہیے۔ ترجمہ کرنے سے انکار کرنا ایک اخلاقی فیصلہ ہے۔ ترجمہ کرنا بھی ایک اخلاقی فیصلہ ہے۔ ترجمہ کرتے وقت مترجم کو اس بات کا خیال رکھنا چاہیے کہ اس کے ترجمہ کے نتائج کیا ہو سکتے ہیں۔ اگر ترجمہ کے نتائج سے مترجم کو یہ محسوس ہو کہ اس کے ترجمہ سے کسی کی جان کو خطرہ ہو سکتا ہے تو اسے ترجمہ کرنے سے انکار کر دینا چاہیے۔ ترجمہ کرنے سے انکار کرنا